پریس ریلیز

باتسلیمات پبلک ریلیشنز آفیسر آفس آف پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

آج مورخہ 29-03-2024 کو معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ واقعہ جس میں باپ اور بیٹے نے مل کر درندگی سے (بیٹی) کو ناحق گلا دبا کر قتل کر دیا تھا کا نوٹس لیتے ہوئے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر، ٹوبہ ٹیک سنگھ، ایس پی انویسٹی گیشن ٹوبہ ٹیک سنگھ اور متعلقہ تفتیشی افسر کو مقدمہ کے ریکارڈ سمیت پنجاب کریمنل پراسیکیوشن سروس ایکٹ 2006 کی دفعہ 10(3) کے تحت مورخہ 01-04-2024 کو بوقت 11:00 دن طلب کر لیا۔ واضح رہے کہ اس واقعہ کا مقدمہ نمبر 229/24 مورخہ 24/03/2024 زیر دفعہ 302، 201 اور 34 ت پ تھانہ: صدر ٹوبہ ٹیک سنگھ میں درج ہوا ہے۔ اس موقع پر معزز پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ اس مقدمہ کو محکمہ پراسیکیوشن ایک ٹاسک کیس کے طور پر لے گا اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے بھرپور کردار ادا کرے گا۔
ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر اور تفتیشی افسران کو بلانے کا مقصد مقدمہ کی تفتیش میں پیش رفت کا جائزہ لینا اور قانون کے مطابق لائن آف انکوائری دینا ہے تا کہ ملزمان کے خلاف ٹھوس شہادت / ثبوت صفحہ مثل پر لائے جا سکیں اور تمام قانونی پوائنٹ کو مد نظر رکھتے ہوئے تفتیش کو آگے بڑھایا جائے۔

از دفتر سلطان اکبر چھٹہ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل پنجاب / پی آر او ٹو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب